7860- مسلمان شوال کے چھ روزے کب شروع کرے

سوال

شوال کے چھ روزے کب شروع کیے جاسکتے ہیں، اس لیے کہ اب ہمیں سالانہ چھٹیاں ہیں ؟

پسندیدہ جواب

شوال کی ابتداء میں ہی دو شوال کو روزے رکھنے ممکن ہیں کیونکہ عید کے دن روزہ رکھنا حرام ہے ، اور یہ بھی ممکن ہے کہ شوال کے مہینہ میں کسی بھی تاریخ کو روزے رکھنے ممکن ہیں ، اور نیکی میں جلدی کرنی چاہیے ۔

لجنۃ دائمہ میں مندرجہ ذیل سوال پیش کیا گیا :

کیا شوال کے چھ روزے عید کے دوسرے دن سے شروع کرنے جائز ہیں ، یا پھر عید کے چند دن بعد مسلسل چھ روزے رکھنے جائز ہیں کہ نہیں ؟

لجنۃ کا جواب تھا :

عید الفطر کے فورا بعد روزے رکھنا لازم نہیں ، بلکہ جائز ہے کہ عید کے ایک یا دو دن بعد روزے رکھنے جائز ہیں ، لیکن اگر وہ مسلسل یا علیحدہ علیحدہ شوال میں ہی روزے رکھے تو یہ بھی جائز ہے ، اس معاملہ میں وسعت ہے اور پھر یہ روزے رکھنا سنت ہیں نہ کہ فرض ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .